| Version No. | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| 6 | 0 | 3 | 1 |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | | | |

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

Answer Sheet No.______________

Sign. of Candidate ______________

Sign. of Invigilator ______________

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. **Do not use lead pencil.**

# اردو ایس ایس سی ۔ II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

**وقت:20منٹ**

حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ **لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**Fill the relevant bubble against each question:**

ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

| No. | سوال | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 1. | مسدس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | چھے | پانچ | چار | تین |
| 2. | کس صنفِ سخن کے لیے ہیئت اور موضوع کی کوئی پابندی نہیں ہوتی؟ | غزل | قطعہ | رباعی | نظم |
| 3. | کس صنفِ سخن کا ہر شعر موضوع اور خیال کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے؟ | نظم | قطعہ | غزل | مرثیہ |
| 4. | "کمرا آئینے کی طرح صاف ہے" یہ جملہ قواعد کی رو سے کس کی مثال ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل |
| 5. | "کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا" یہ مصرع قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجاز مرسل |
| 6. | جملہ اسمیہ میں کیا نہیں ہوتا؟ | فاعل | فعل ناقص | مبتدا | خبر |
| 7. | "پہاڑ بلند و بالا ہیں" اس جملے میں "بلند و بالا" کیا ہے؟ | مبتدا | خبر | متعلق خبر | فعل ناقص |
| 8. | جملہ فعلیہ کے مسند کو کیا کہتے ہیں؟ | مبتدا | فاعل | مفعول | فعل |
| 9. | مضمون کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | ضمن میں لیا ہوا | ضمن میں دیا ہوا | ضمن میں ڈوبا ہوا | ضمن میں پردیا ہوا |
| 10. | ایک ہی نشست میں پڑھی جانے والی کہانی کو کیا کہتے ہیں؟ | مضمون | ڈراما | ناول | افسانہ |
| 11. | درج مثالوں میں سے جملہ معترضہ کی نشاندہی کریں: | علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں | علامہ اقبال نے پاکستان کا تصور پیش کیا | علامہ اقبال (شاعر مشرق) کا مزار لاہور میں ہے | علامہ اقبال کہاں دفن ہیں؟ |
| 12. | دو عالم کا امداد گار آگیا ہے امین آگیا، غم گسار آگیا ہے<br>اس شعر میں "امداد گار" اور "غم گسار" کیا ہیں؟ | قافیہ | ردیف | تشبیہ | ذو معنی الفاظ |
| 13. | غیر مردف غزل ایسی غزل ہے جس میں ______ نہ ہو۔ | ردیف | مطلع | مقطع | قافیہ |
| 14. | پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی<br>اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال ہے؟ | صنعت تضاد | صنعت تکرار | صنعت لف و نشر | صنعت حُسن تعلیل |
| 15. | "انسانی کی زندگی چار دن کی ہے" یہ جملہ قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ |

10

# اردو(لازمی) ایس ایس سی - II

وقت:2:40 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۲: الف۔　　حصہ نثر

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے سات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (7 x 2 = 14)

1857 کی جنگ آزادی میں مسلمانوں نے پھر اپنے قدم جمانے کی کوشش کی لیکن انگریزی اقتدار مستحکم ہو چکا تھا، اس لیے انہیں کامیابی نہ ہو سکی۔ اس زمانے میں سر سید نے مجبوراً انگریزوں سے مفاہمت کو غنیمت جانا اور مسلمان قوم کی اخلاقی اور تہذیبی اصلاح پر توجہ دی اور ان کے دلوں سے احساس کمتری دور کرنے کی کوشش بھی کی۔ 1885ء میں ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی اور ظاہر یہ کیا کہ وہ ملک کی تمام قوموں کو ان کے حقوق دلوائیں گے لیکن بعد میں پتا چلا کہ وہ صرف اپنے حقوق کا تحفظ چاہتے تھے۔ انہوں نے مسلمانوں کو ان کے کاروبار سے محروم کرنے کی کوشش کی اور وہ سرکاری ملازمتوں پر بھی قابض ہو گئے نیز انہوں نے مسلمانوں کی مشترکہ زبان اردو کے مقابلے میں ہندی کو قائم کر دیا۔ سر سید نے مسلمانوں کو ہندوؤں کی کانگریس اور ان کی سیاست سے علیحدہ کرنے کی کوشش کی پھر سر سید کے ایک رفیق نواب وقار الملک نے 1906ء میں کل ہند مسلم لیگ کے نام سے مسلمانوں کی الگ تنظیم کی بنیاد ڈالی۔ یہ تنظیم ڈھاکے میں قائم ہوئی تھی۔

سوالات:

(i) اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔
(ii) سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی اصلاح کے کن پہلوؤں پر توجہ دی؟
(iii) کانگریس کا قیام کب عمل میں آیا؟
(iv) کانگریس کے قیام کے کیا مقاصد تھے؟ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
(v) مسلم لیگ کس نے قائم کی؟
(vi) مسلم لیگ کب اور کیوں قائم کی گئی؟
(vii) سر سید احمد خان مسلمانوں کو کس جماعت سے علیحدہ کرنا چاہتے تھے؟
(viii) 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد مسلمانوں کو کامیابی کیوں حاصل نہ ہوئی؟
(ix) کانگریس نے مسلمانوں کو کس کس حوالے سے نقصان پہنچایا؟

ب۔　　حصہ شعر

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں سے پانچ اجزا کے جوابات لکھیں۔** (5 x 2 = 10)

(i) جلوۂ قدرت کا شاہد، حسنِ فطرت کا گواہ　　ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ
(ii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے　　یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں
(iii) اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا　　کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا
(iv) یہ سعادت حورِ صحرائی تری قسمت میں تھی　　غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی
(v) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا　　رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

سوالات:

(i) 'جلوۂ قدرت کا شاہد' سے کون مراد ہے؟
(ii) چراغوں کے مقدر میں کب سے جلنا لکھا ہے؟
(iii) شاعر کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟
(iv) حورِ صحرائی کی قسمت میں کیا سعادت تھی؟
(v) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کریں؟
(vi) اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا　　کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا　　اس شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

ورق الٹیے

ج۔ حصہ قواعد

مندرجہ ذیل میں سے تین اجزا کے جوابات لکھیں۔ **(3 x 2 = 06)**

(i) استعارہ سے کیا مراد ہے؟ ایک شعری مثال دے کر وضاحت کریں۔

(ii) نعت کیسی نظم کو کہتے ہیں؟

(iii) "احمد نے قلم خریدا" اس جملے کی ترکیب نحوی کریں۔

(iv) مطلع کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال دیں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

**سوال نمبر۳:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔ **(05)**

**(الف)۔** گرمی ہو یا جاڑا، دھوپ ہو یا سایا، وہ دن رات برابر کام کرتا رہا۔ اُسے کبھی یہ خیال نہ آیا کہ میں بہت کام کرتا ہوں یا میرا کام دوسروں سے بہتر ہے، اسی لیے اُسے اپنے کام پر فخر یا غرور نہ تھا۔ وہ یہ باتیں جانتا ہی نہ تھا۔ اسے کسی سے بیر تھا نہ جلاپا وہ سب کو اچھا سمجھتا اور سب سے محبت کرتا تھا۔ وہ غریبوں کی مدد کرتا، وقت پر کام کرتا، آدمیوں، جانوروں، پودوں کی خدمت کرتا لیکن اسے یہ کبھی احساس نہ ہوا کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے نیکی اسی وقت تک نیکی رہتی ہے جب تک آدمی کو یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔ جہاں اس نے یہ سمجھنا شروع کیا، نیکی نیکی نہیں رہتی۔

**(ب)۔** توپ کاپی میں آثار قدیمہ کے ایک عجائب گھر کے علاوہ فوجی عجائب خانہ بھی علیحدہ موجود ہے جو "اوقاف" کہلاتا ہے۔ اسلامی ترکی آرٹ، ادب اور نقاشی نیز مصوری کے بھی حیرت انگیز نمونے موجود ہیں۔ اسلامی علوم وفنون اور ثقافت کو آگے بڑھانے میں سلاجقہ ترک، بالخصوص عثمانی حکمرانوں کا کردار بہت نمایاں ہے۔ انہی کے علمی ذوق کی وجہ سے استنبول کا عجائب خانہ توپ کاپی، جہاں نوادر اور آثار قدیمہ کا مشہور عالم مرکز بنا، وہاں علم وفن کے بیش بہا ذخیروں اور نادر کتابوں کا بھی مخزن بنا۔ نوادر کتب اور اہم مخطوطات کے الگ شعبے ہیں۔ بعض ایسی کتابیں بھی وہاں موجود ہیں کہ جن کا ایک ہی نسخہ دنیا میں موجود ہے اور وہ نسخہ توپ کاپی میں ہے۔

**سوال نمبر۴:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

**(الف)۔**

اُصولِ محبت ہے پیغام جس کا
وہ محبوب پروردگار آگیا ہے
اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا
یقین ہو گیا، اعتبار آگیا ہے
بجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت
وہ پیغمبرِ ذی وقار آگیا ہے

**(ب)۔**

جہاں آزاد کر سکتے نہ ہوں تحریر آزادی
وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیر آزادی
لہو برسا، بہے آنسو، لُٹے رہرو، کٹے رشتے
ابھی تک نامکمل ہے مگر تعمیرِ آزادی
زمانے کو اب آزادی کے معنی ہم بتائیں گے
غلط ہوتی رہی ہے آج تک تفسیرِ آزادی

**سوال نمبر۵:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

**(الف)۔**

ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں
بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام
کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

**(ب)۔**

اسی انسان میں سب کچھ ہے پنہاں
مگر یہ معرفت دشوار بھی ہے
یہی دنیا ہے بستی آنسوؤں کی
یہی دنیا تبسم زار بھی ہے

**سوال نمبر۶:** "سچ کی برکت" کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ **(05)**

یا

چیئرمین واپڈا کے نام بڑھتی ہوئی لوڈشیڈنگ کے بارے میں درخواست تحریر کریں۔

**سوال نمبر۷:** دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں: **(10)**

**الف۔** تعلیم نسواں

خاکہ:

(i) تعلیم نسواں کے معنی ومفہوم
(ii) مرد عورت انسانی گاڑی کے دو پہیے
(iii) تعلیم یافتہ ماں ملک وملت کے لیے روشن ستارہ
(iv) اسلام میں عورت کی تعلیم کی اہمیت
(v) موجودہ دور میں تعلیم یافتہ عورت کی ضرورت واہمیت

**ب۔** وقت کی پابندی

خاکہ:

(i) وقت کی پابندی کے معنی ومفہوم
(ii) تمام کائنات اور وقت کی پابندی
(iii) کسان اور طالب علم کے لیے پابندی وقت کی اہمیت
(iv) اسلام اور وقت کی پابندی
(v) وقت کی پابندی نہ کرنے کے نقصانات